
# ہدایات برائے لمفوما علاج



شوکت خانم
میموریل کینسر ہسپتال
اور ریسرچ سینٹر

## ہمارا مشن

"ہمارا مشن ایک مثالی ادارہ کے طور پر کام کرتے ہوئے جدید علاج اور مرض کی شدت کم کرنے کے طبّی طریقوں کے ذریعے کینسر میں مبتلا مریضوں، قطع نظر کہ وہ اخراجات ادا کر سکتے ہیں یا نہیں، کو جدید معالجاتی سہولیات اور خدمات فراہم کرنا، نیز طبّ سے وابستہ اور عام افراد کی تعلیم و تربیت اور کینسر کی وجوہات اور اس کے علاج پر تحقیق کرنا ہے۔"

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
Lahore: 7-A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan
Tel: +92 42 359 5000 | UAN: 042 111 155 555
Peshawar: 5-B, Sector A-2, Phase V, Hayatabad, Peshawar, Pakistan
Tel: +92 91 588 5000 | UAN: 091 111 155 555
Karachi Diagnostic Centre and Clinic
DDCH1, 1st Street, Phase VII Extension DHA, Karachi, Pakistan
Tel: +92 21 3531 8495-99 | UAN: +92 (21) 111 756 756
www.shaukatkhanum.org.pk

## ہدایات برائے لمفوما علاج

1- آپ کو کیموتھراپی سے متعلق جو کتابچہ فراہم کیا گیا ہے لازمی ہے کہ آپ اُسے بغور پڑھیں اور اگر پڑھنا نہیں آتا تو اسے کوئی حرف بہ حرف آپ کو پڑھ کے سنائے۔ جو بات سمجھ نہ آئے اُس پر نشان لگالیں اور ہسپتال میں آکر ڈاکٹر سے پوچھ لیں۔

2- آپکی کیموتھراپی کی دوائیاں آپ کے انکالوجسٹ طے کریں گے۔ جس کا دورانیہ اور لگانے کا طریقہ کار آپ کو بتایا جائے گا۔

3- کیموتھراپی ہسپتال میں داخل کر کے یا آؤٹ پیشنٹ (Chemobay) میں لگائی جائے گی۔

4- کیموتھراپی (بشمول گولیاں، انجیکشن، ڈرپس یا کمر میں ٹیکہ) کا دورانیہ مختلف ہوسکتا ہے۔ لہٰذا اس امر کو یقینی بنائیں کہ کیموتھراپی والے دن باقی تمام روزمرّہ کی مصروفیات (گھریلو/کاروباری) ترک کر دیں۔ کوشش کریں کہ آپ کے ساتھ آنے والا رشتہ دار یا معاون بھی آپ کے ساتھ ٹھہرے۔

5- علاج کے مختلف اوقات میں ہم علاج کے اثر کو جاننے کے لئے ٹیسٹ کریں گے۔ جس میں ہڈی کے گودے کا ٹیسٹ بھی شامل ہوسکتا ہے۔

6- سب مرحلوں میں آپ کے خون کے مختلف ٹیسٹ ہوں گے تا کہ علاج کے مضر اثرات پر نظر رکھی جا سکے۔ اور ڈاکٹر آپ کو اپنی زیرِ نگرانی رکھیں۔

7- سارے علاج کے دوران یہ ضروری ہے کہ آپ ہسپتال کے قریب رہیں اور آپ کے ساتھ آپ کی دیکھ بھال کرنے والا کوئی ذمہ دار رشتہ دار یا جاننے والا ہو۔ ہسپتال کے قریب رہنے کا مقصد یہ ہے کہ علاج کے دوران اگر آپ کی طبیعت زیادہ خراب ہوجائے تو بروقت ہسپتال کی ایمرجنسی میں پہنچ سکیں۔

8- صفائی اور خوراک کے متعلق تمام معلومات آپ کو مہیا کی جائیں گی۔

9- دورانِ علاج طبیعت کی زیادہ خرابی کی وجہ سے ہسپتال میں داخل بھی رہنا پڑ سکتا ہے۔

10- واضح رہے کہ دوران علاج ٹیکوں اور گولیوں کے مقررہ اوقات کی پابندی، کامیاب علاج کا ایک لازمی پہلو ہے۔

11- کوشش کریں کہ آپ کو اپنی کیموتھراپی کے نسخے (Regimen) کا نام پتہ ہو۔ اور اس کیلئے کیموبے میں بکنگ یا داخلے کی تاریخ کا بھی پتہ ہو۔

## خاکہ - کارڈ مرحلہ نمبر 2

| اوقات | کیموتھراپی (گولی/ٹیکہ کا نام) | دن | تاریخ |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

ہدایات برائے گولیاں

بتائی گئی گولیاں کھا کر ٹک کا نشان لگائیں۔

ٹیکہ لگوا کر کارڈ پر ڈاکٹر یا نرس سے دستخط کروائیں۔